20885 ـ کفریہ اور غیر کفریہ بدعتی کے پیچھے نماز ادا کرنا

سوال

کیا کسی شرکیہ افکار کے حامل اور بدعتی امام کے پیچھے نماز ادا کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

بدعت یا تو کفریہ ہوتی ہے جیسا کہ جھمیہ اور شیعہ اور رافضیوں، اور حلولی اور وحدۃ الوجودیوں کی بدعت ہے، ان کی اپنی نماز بھی صحیح نہیں، اور ان کے پیچھے نماز ادا کرنا بھی صحیح نہیں، اور کسی کے لیے بھی ان کے پیچھے نماز ادا کرنی حلال نہیں.

یا پھر بدعت غیر کفریہ ہوتی ہے، مثلا نیت کے الفاظ کی زبان سے ادائیگی، اور اجتماعی ذکر وغیرہ جو کہ صوفیوں کا طریقہ ہے،ان کی اپنی نماز بھی صحیح ہے، اور ان کے پیچھے نماز ادا کرنا بھی صحیح ہے.

مسلمان پر واجب ہے کہ وہ انہیں یہ بدعات ترک کرنے کی نصیحت کرے، اگر وہ مان جائیں تو یہی مطلوب ہے، وگرنہ اس نے اپنا فرض پورا کر دیا اور اس حالت میں افضل یہ ہے کہ کوئی ایسا امام تلاش کیا جائے جو سنت نبوی کی پیروی کرنے پر حریص ہو.

شیخ الاسلام رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

وہ بدعات جن کی بنا پر آدمی اہل اھواء اور خواہشات میں شامل ہوتا ہے وہ جو اہل علم کے ہاں کتاب و سنت کی مخالفت میں مشہور ہے، مثلا خوارج، اور رافضیوں شیعوں، اور قدریہ، مرجئہ وغیرہ کی بدعات ہیں.

عبد اللہ بن مبارک، اور یوسف بن اسباط رحمہم اللہ کا کہنا ہے:

تہتر فوقوں کی اصل چار ہے اور وہ یہ ہیں: خارجی، رافضی، قدریہ، اور مرجئۃ.

ابن مبارک رحمہ اللہ تعالی کو کہا گیا: تو پھر جھمیۃ ؟

ان کا جواب تھا: جھمیۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں سے نہیں ہیں.

جهمية فرقہ صفات کی نفی کرتا ہے، جو یہ کہتے ہیں کہ: قرآن مخلوق ہے اور آخرت میں اللہ تعالی کو نہیں دیکھا جائيگا، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج نہیں ہوئی، وہ اپنے رب کی طرف اوپر نہیں چڑھے، اور نہ ہی اللہ کو علم ہے نہ قدرت، اور نہ ہی حياة يعنى زندگی وغیرہ ذالك,

اسی طرح معتزلہ اور متفلسفة اور ان کے متبعین بھی کہتے ہیں، عبد الرحمن بن مھدی کا کہنا ہے: ان دونوں قسموں جهمية اور رافضہ سے بچ کر رہو.

یہ دونوں بدعتیوں میں سب سے برے اور شریر ہیں، اور انہی سے قرامطہ الباطنية داخل ہوئے، جیسا کہ نصیریہ اور اسماعیلی فرقہ ہے، اور ان کے ساتھ اتحادية متصل ہیں، کیونکہ یہ سب فرعونی گروہ سے تعلق رکھتے ہیں.

اور اس دور میں رافضی رفض کی بنا پر جهمی قدری ہیں، کیونکہ انہوں نے رفض کے ساتھ معتزلہ کا مذہب بھی ضم کر لیا ہے، پھر وہ اسماعیلی، اور دوسرے زندیقوں اور وحدة الوجود وغیرہ کے مذہب کی طرف جا نکلتے ہیں. واللہ و رسول اعلم.

دیکھیں: مجموع الفتاوی (35 / 414 - 415).

مستقل فتوی کمیٹی کے علماء کرام کا کہنا ہے:

بدعتیوں کے پیچھے نماز ادا کرنے کے متعلق یہ ہے کہ اگر تو ان کی بدعت شرکیہ ہو مثلا غیر اللہ کو پکارنا، اور لغیر اللہ کے لیے نذر و نیاز دینا اور ان کا کمال علم اور غیب یا کائنات میں اثر انداز ہونے کے متعلق اپنے مشائخ اور بزرگوں کے متعلق وہ اعتقاد رکھنا جو اللہ تعالی کے علاوہ کسی کے بارہ میں نہیں رکھا جا سکتا، تو ان کے پیچھے نماز ادا کرنا صحیح نہیں.

اور اگر ان کی بدعت شرکیہ نہیں؛ مثلا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ماثور ذکر کرنا، لیکن یہ ذکر اجتماعی اور جھوم جھوم کر کیا جائے، تو ان کے پیچھے نماز ادا کرنا صحیح ہے، لیکن امام کو کسی غیر بدعتی امام کے پیچھے نماز ادا کرنے کی کوشش کرنی چاہیے؛ تا کہ یہ اس کے اجروثواب میں زیادتی اور برائی اور منکر سے دوری کا باعث ہو.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.

دیکھیں: فتاوی اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والافتاء (7 / 353).

واللہ اعلم .